27/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

ٹولپ گارڈن

سرینگر کے مشہور باغ گلِ لالہ کے کھولے جانے کے ساتھ ہی پہلے ہی روز 17 ہزار دو سو کے قریب سیاحوں نے باغ کی سیر کی ۔ ٹولپ گارڈن کو کل وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے انتظامیہ اور محکمہ پھول بانی کے افسروں کی موجودگی میں عوام کے لئے کھول دیا تھا ۔ محکمہ فلوریکلچر نے عام لوگوں خاص طور سے ملکی اور غیر ملکی سیلانیوں کا شکریہ ادا کیا ہے جو پہلے ہی روز باغ کی سیر پر جوق در جوق آئے ۔

ستیش شرما

خوراک اور عوامی تقسیم کاری کے وزیر ستیش شرما نے صارفین کے مفاد میں لیگل میٹرالوجی ڈیپارٹمنٹ کے رول کو انتہائی اہم قرار دیا ہے ۔ انہوں نے نر وال جموں میں محکمے کی کارگزاری کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔

کھیل کود کے وزیر نے ساتھ ہی جموں کے سری رنبیر ملٹی لیٹرل ماڈل ہائر سیکنڈری سکول کا بھی دورہ کیا ۔ اس موقعے پر انہوں نے طالب علموں سے کہا کہ وہ نمبرات کے بجائے اپنی زیادہ توجہ ہنر مندی پر دیں۔

کمین گاہ

فوج اور پولیس نے بارہمولہ کے نَمبلن جنگلاتی علاقے مینملی ٹنٹوں کے چھُپنے کی ایک جگہ کا پتہ لگا کر وہاں سے کچھ ہتھیار اور عام استعمال کی کچھ دیگر چیزیں بر آمد کر لی ہیں ۔ چنار کور کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ کاروائی کے دوران ہاتھ لگے ہتھیاروں میں دو IED ، کچھ AK میگزین اور ایک ہتھ گولے شامل ہیں ۔

چیف سیکریٹری

سیکٹر کی خدمات اور بنیادی ڈھانچے کا جائزہ IT چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں Geographicلیتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ یوٹی میں مصنوعی ذہانت ، انفارمیشن سسٹم اور ای- گورننس کے بارے میں ایک اعلیٰ معیار کا سینٹر قائم کرنے کے لئے پارکوں کی IT اقدامات کا آغاز کریں گے ۔ انہوں نے جموں اور سرینگر میں قائم کئے جا رہے نسبت سے کام کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا ۔

حادثہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ پر نو یُگ ٹنل کے بیچو نبیچ ایک سڑک حادثے میں 12 مسافر زخمی ہو گئے ہیں ۔ ہمارے کولگام کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ جموں سے سرینگر آ رہی ایک بس کو کل شام پیش آیا جس کے نتیجے میں درجن بھر افراد زخمی ہو گئے جنہیں بعد میں اننت ناگ منتقل کیا گیا ۔ GMC علاج کے لئے

SKUAST

زرعی یونیورسٹی کشمیر نامیاتی کاشت کاری کو فروغ دینے کے لئے درکار کوششیں کر رہی ہیں تاکہ جموں کشمیر اور لداخ خطوں کے اندر کسان اس طریقہ کار سے اپنی پیداوار میں اضافہ کر سکے ۔ یونیورسٹی نے اس سلسلے میں اختراعی طور طریقوں سے پرائم منسٹرس نیچرل فارمنگ مشن پر کام شروع کیا ہے۔

اس حوالے سے شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں ڈائریکٹر پروفیسر رَیحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔ Extension

-----

شفا اسپتال

سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی نے آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا // اور آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا (صحت ) کے تحت شِفا میڈیکل سینٹر سرینگر کی کو ختم کیا ہے ۔ فیصلے کی رو سے اب یہ اسپتال اس سکیم کے تحت بغیر Empanelment پیسوں کے علاج جاری رکھنے کا مجاز نہیں ہے ۔

شوپیان

ضلع آیوش سوسائٹی شوپیان کی ایک میٹنگ میں مالی سال 2025-26 کے لئے سالانہ ضلع ایکشن پلان کو منظوری دے دی گئی ہے ۔ ضلع کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نصیر احمد لون کی صدارت میں منعقدہ اس میٹنگ میں منصوبے کے تحت پچاس بستروں والے ایک مربوط آیوش اسپتال اور ایک ہربل گارڈن قائم کرنے کی بھی منظوری دی گئی ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ایس پی کالج سرینگر میں ایک بڑے روزگار میلے کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقعے پیدا کرنے میں اس طرح کے جاب فئیرس کی اہمیت اجا گر کی ۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے آنے والی مذہبی تقریبات کے پیش نظر ضلع کی مختلف مذہبی مقامات کا دورہ کر کے وہاں عوام کے لئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے زیارت قمر الدین بخاری ؒ، عید گاہ دُدر ہامہ اور جامع مسجد بیہامہ کا خاص طور پر دورہ کیا ۔

موسم

وادی کے میدانی اور بالائی علاقوں میں کل سے پھر ایک بار کہیں بارش تو کہیں برف باری ہوئی ۔ جہاں شہر سرینگر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہوئی وہیں وادی کے بیشتر بالائی علاقوں میں تازہ برف باری بھی ہو گئی ۔

بانڈی پورہ سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ موجودہ موسمی صورتحال کے پیش نظر گریز بانڈی پورہ روڑ کو ٹریفک کے لئے بند کر دیا گیا ہے ۔ البتہ برف ہٹانے کا کام جاری ہے ۔ تاہم سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ